# 21-12-2024  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے الزام لگایا ہے کہ بی آر ایس دور میں رعیتو بندھو اسکیم کا غلط استعمال کرتے ہوئے 22,600 کروڑ روپے کی رقم غیر کاشت اراضی کے لئے الاٹ کی گئی۔

۲۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے پشپا2 فلم کی نمائش کے دوران بھگدڑ کے واقعہ پر تلگو فلم انڈسٹری کے غیر ذمہ دارانہ رویہ پر تاسف کا اظہار کیا اورخواہش کی کہ غیرانسانی رویہ اختیار نہ کیا جائے۔

۳۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو حیدرآباد میں 5 دن سرمائی تعطیلات گزارنے کے بعد نئی دہلی روانہ ہوگئیں۔

اور

۴۔ پہلا عالمی یوم گیان دھیان منایا گیا۔اس کے ذریعہ دنیا بھر کے مما لک میں بہتری، امن اور ذہن سازی کو فروغ دینے کے عالمی اقدامات کئے گئے۔

OO

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو حیدرآباد میں 5 دن سرمائی تعطیلات گزارنے کے بعد نئی دہلی روانہ ہوگئیں۔ان کو گورنر جشنو دیو ورما، مرکزی وزیر کشن ریڈی، ریاستی وزیر سیتا اکا اور دیگر اہم شخصیتوں نے شہر کے نواحی علاقہ حکیم پیٹ میں واقع ایرفورس اسٹیشن سے وداع کیا۔صدر جمہوریہ نے بیشتر پروگراموں بشمول کانوکیشن کی تقریب، راشٹر پتی نیلائم میں بیشتر سنگ بنیاد اور افتتاحی تقاریب میں حصہ لیا۔انہوں نے سکندرآباد کے کالج آف ڈیفنس مینجمنٹ کو پریسیڈنٹس کلرس اعزاز بھی پیش کیا۔ساتھ ہی انہوں نے راشٹر پتی نیلائم میں اہم شخصیتوں کے لئے ایٹ ہوم کی بھی میزبانی کی جس میں وزیراعلیٰ، وزرا اور سرکاری عہدیداروں نے شرکت کی۔قبل ازیں ہریانہ کے گورنر بنڈارو دتاتریہ نے آج صبح راشٹر پتی نیلائم میں دروپدی مرمو سے خیرسگالی ملاقات کی۔دتاتریہ نے اس ملاقات کے دوران انہیں لارڈ کرشنا کی مورتی پیش کی۔گورنر نے صدر جمہوریہ کو کروکشیتر میں انٹرنیشنل گیتا مہوتسو کے کامیاب انعقاد سے بھی واقف کروایا۔

OO

تلنگانہ کی وزیر پنچایت راج انوسویا سیتا اکا نے کسانوں کے لئے رکاوٹیں پیدا کرنے اور نامناسب زرعی پالیسیوں کا بی آر ایس حکومت پر الزام لگایا انہوں نے رعیتو بھروسہ اسکیم پر اسمبلی میں مختصر مباحث کے دوران نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ سابق بی آر ایس دور میں کسانوں کو بیشتر مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے یاد دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ کسانوں کو دھان کی پیداوار کے خلاف انتباہ دیا گیا تھا اور کہا گیا تھا کہ دھان کی پیداوار پر سزا دی جائے گی۔قولدار کسانوں کے مسئلہ پر انہوں نے کہا کہ ریاست بھر میں جامع اراضی سروے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ اراضیات کے کئی مالکین بشمول کئی افراد کی تنخواہیں زیادہ ہیں، ان کی جانب سے رعیتو بندھو کے فائدوں کے بارے میں دعویٰ کرنا غیر منصفانہ ہوگا۔

○○

محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں پیر سے ریاست کے بعض مقامات پر ہلکی تا اوسط یا گرج و چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ اقل ترین درجہ حرارت آئندہ تین دنوں کے دوران معمول سے تین تا چار ڈگری زائد رہے گا۔ اقل ترین درجہ حرارت 13.2 ڈگری سلسیس عادل آباد ضلع میں ریکارڈ کیا گیا۔

○○

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے الزام لگایا ہے کہ بی آر ایس دور میں رعیتو بندھو اسکیم کا غلط استعمال کرتے ہوئے 22,600 کروڑ روپے کی رقم غیر کاشت اراضی کے لئے الاٹ کی گئی انہوں نے اسمبلی میں رعیتو بھروسہ اسکیم پر مختصر مباحث کے دوران اسکیم کے اصل مقصد سے انحراف پر پیشرو بی آر ایس حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ اس اسکیم کا مقصد سرگرم کسانوں کو کاشت کے لئے مالی مدد فراہم کرنا تھا۔ انہوں نے نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ رعیتو بندھو کے تحت فنڈس غیر کاشت اراضیات کے لئے تقسیم کئے گئے ان میں لے آؤٹس، سڑکوں جیسے راجیو راہداری، سری سیلم ہائی وے بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کریشرس اور کانکنی کی سرگرمیوں کے لئے استعمال اراضیات پر بھی رقم دی گئی۔ انہوں نے پیشرو حکومت پر جانبداری کا الزام لگایا اور کہا کہ رعیتو بندھو کے فنڈس کے دعویٰ کے لئے فرضی پاس بکس بنائی گئیں جس کے نتیجہ میں ہزار ہا کروڑ روپے کی لوٹ کی گئی۔ بی آر ایس پارٹی کے لیڈروں کے رشتہ داروں اور ان کے حامیوں کو غیر منصفانہ طریقہ سے اس اسکیم سے فائدہ پہنچایا گیا۔ ایوان کی کارروائی غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کر دی گئی۔

○○

بی آر ایس کے دور میں ریاست میں 24 گھنٹے بجلی کی سپلائی پر تلنگانہ اسمبلی میں آج وزیر عمارات و شوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی اور بی آر ایس کے رکن اسمبلی و پارٹی کے کارگزار صدر تارک راما راو کے درمیان گرما گرم بحث ہوئی۔ ایوان میں رعیتو بھروسہ اسکیم پر مختصر مباحث کے دوران کومٹ ریڈی نے تنقیدی ریمارکس کرتے ہوئے کہا کہ بی آر ایس دور میں سب اسٹیشن لاک بکس میں بجلی کی 10 گھنٹے سپلائی کو ہی ریکارڈ کیا گیا۔ انہوں نے تارک راما راو کو چیالنج کیا کہ وہ اپنے اس بیان سے دستبردار ہو جائیں جس میں انہوں نے کہا تھا کہ ان کی حکومت نے 24 گھنٹے بجلی فراہم کی ہے۔ اس پر شدید ردِعمل کا اظہار کرتے ہوئے تارک راما راو نے اسمبلی کو گمراہ کرنے کا وزیر موصوف پر الزام لگایا اور نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا نے قبل ازیں اعتراف کیا تھا کہ بی آر ایس کے دور میں 19.2 گھنٹے اوسطاً بجلی کی سربراہی کی گئی تھی۔

○○

نلگنڈہ ضلع میں ڈی سی ایم ویان سڑک کے کنارے دکان میں گھس پڑی جس کے نتیجہ میں تین افراد ہلاک ہوگئے۔ یہ حادثہ ضلع کے دیورکنڈہ ٹاون میں پدادرگاہ کے قریب پیش آیا۔ پولیس کے مطابق ڈی سی ایم گاڑی کے ڈرائیور نے اس کا توازن کھو دیا اور یہ گاڑی مٹھائی کی دکان میں گھس پڑی۔ اس حادثہ میں دکان میں بیٹھے تین افراد برسر موقع ہلاک ہوگئے۔ پولیس نے پوسٹ مارٹم کے لئے نعشوں کو دیورکنڈہ کے سرکاری دواخانہ منتقل کر دیا۔ مہلوکین کا تعلق سوریہ پیٹ ضلع کے یراورم گاؤں سے ہے۔ پولیس نے ڈی سی ایم کے ڈرائیور کو گرفتار کر لیا۔

OO

پہلا عالمی یوم گیان دھیان منایا گیا۔ اس کے ذریعہ دنیا بھر کے مما لک میں بہتری، امن اور ذہن سازی کو فروغ دینے کے عالمی اقدامات کئے گئے۔ عالمی چیالنجز بشمول تناو، تشدد کی یکسوئی کے لئے اسے عالمی سطح کی صلاحیت کو حامل پروگرام قرار دیا گیا۔ حال ہی میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے باالتفاق آرا قرارداد منظور کی۔ اس کو ہندوستان نے اسپانسر کرتے ہوئے 21 دسمبر کو عالمی یوم گیان دھان کے طور پر منانے کا فیصلہ کیا۔ حیدرآباد کے گچی باولی اسٹیڈیم میں عالمی یوم گیان دھان منعقد کیا گیا۔ ریاستی محکمہ سیاحت وثقافت کی جانب سے یہ پروگرام منعقد کیا گیا۔ سری راما چندرا مشن کے صدر کملیش پٹیل کی نگرانی میں گیان دھان منعقد کیا گیا جس میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے شرکت کی۔

OO

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد کی سندھیا تھیٹر میں پشپا2 فلم کی نمائش کے دوران بھگدڑ کے واقعہ پر تلگو فلم انڈسٹری کے غیر ذمہ دارانہ رویہ پر تاسف کا اظہار کیا اور خواہش کی کہ غیر انسانی رویہ اختیار نہ کیا جائے۔ انہوں نے اسمبلی میں اس مسئلہ پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ تلگو فلم انڈسٹری کا رویہ غیر انسانی ہے کیونکہ کسی نے بھی اِس بھگدڑ میں ریوتی نامی خاتون کی موت اور اس کے دس سالہ بیٹے کی اس واقعہ کے 11 دن بعد بھی ہسپتال میں موت اور زندگی کی جدوجہد کے بارے میں ردِعمل ظاہر نہیں کیا ہے۔ اجازت نہ ہونے کے باوجود اس فلم کے پریمیر شو میں ہیرو پہنچ گئے۔ انہوں نے قواعد کی خلاف ورزی کی۔ فلم ہیرو الوارجن کے رویہ کا سوال اٹھاتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بھگدڑ کے واقعہ اور خاتون کی موت کے باوجود انہوں نے تھیٹر میں فلم دیکھنے کو ترجیح دی۔ جب پولیس نے انہیں اس واقعہ سے واقف کرواتے ہوئے گڑبڑ سے بچنے کے لئے تھیٹر سے چلنے جانے کی خواہش کی تو انہوں نے جانے سے انکار کردیا۔ اسی دوران ریاستی حکومت نے فلموں کے بینیفٹ شوز کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اِس بات کا اعلان جوزیر سنیماٹوگرافی کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کیا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ اس واقعہ پر اداکار الوارجن نے غیر ذمہ دارانہ رویہ اختیار کیا۔

OO

55 واں جی ایس ٹی کونسل کا اجلاس راجستھان کے جیسلمیر میں وزیر فینانس نرملا سیتارمن کی صدارت میں جاری ہے۔ جس میں گوا، ہریانہ، جموں وکشمیر، میگھالیہ اور اوڈیشہ کے چیف منسٹرس کے علاوہ اروناچل پردیش، بہار، مدھیہ پردیش اور تلنگانہ کے ڈپٹی چیف منسٹرس کے ساتھ ساتھ مختلف ریاستوں اور مرکزی زیرانتظام علاقوں کے وزرائے فینانس شرکت کررہے ہیں۔ ہمارے نمائندوں نے بتایا کہ اس اجلاس میں جی ایس ٹی اور ٹیکس سلاب سے متعلق اہم فیصلے لئے جائیں گے۔

OO